مسجد اور سکول میں پڑھنے والے بچوں کے لئے

ابتدائی

دینی نصاب

- نماز، کلمے، فرائض، واجبات
- طریقہ نماز باتصویر
- چالیس دعائیں، چالیس احادیث
- اسلامی معلومات
- حاضری نماز چارٹ

مرتب

عبدالوہاب شیرازی

ادارۃ الصدیق

0321-5083475 - 0313-5683475

مولانا اشرف علی تھانوی رحمہ اللہ فرماتے ہیں:

تجوید کا سیکھنا ہر مسلمان پر واجب ہے،

تجوید کی اسی اہمیت کے پیش نظر اس کتابچے میں ''قواعد تجوید'' کو نہایت ہی آسان الفاظ میں سمجھایا گیا ہے۔

چونکہ موجودہ دور میں جدید تعلیم یافتہ لوگوں میں انگلش اصطلاحات کو سمجھنے والوں کی اکثریت ہے اسی لئے کتاب میں اردو کے ساتھ ساتھ انگلش لینگویج میں اصطلاحات کو سمجھانے کی کوشش بھی کی گئی ہے۔

0321-5083475 - 0313-5683475

نام کتاب	ابتدائی دینی نصاب
مرتب	مولانا سید عبدالوہاب شاہ
معاون	مفتی عبیداللہ شاہ شیرازی
کمپوزنگ، ڈیزائننگ	ابو محمد شیرازی
ناشر	ادارۃ الصدیق

اول: مارچ 2011، دوم: مئی 2011، سوئم: مارچ 2012

چہارم: مارچ 2013، پنجم: اپریل 2014

ملنے کا پتہ

قرآن محل، کمیٹی چوک راولپنڈی	0321-5123698
مکتبہ شہید اسلام، لال مسجد اسلام آباد	0321-5180613 0302-2918429
ادارۃ الصدیق، سترہ میل اسلام آباد	0321-5083475

ادارۃ الصدیق

Email: sherazi313@gmail.com
0321-5083475
0313-5683475
0322-2984599

Urdubookdownload.wordpress.com

مولانا احمد علی لاہوری رحمہ اللہ فرمایا کرتے تھے ”میں نے بصیرت کی بناء پر تجربہ کیا ہے کہ لوگوں کی دین سے دوری میں اسی 80 فیصد حرام مال کھانے کا عمل دخل ہے، اور دس فیصد اس سے کہ بے نمازی کے ہاتھ کا کھانا کھاتے ہیں اور دس فیصد اس سے کہ نیک لوگوں کی صحبت اختیار نہیں کرتے۔ حرام مال کھانے کے بے شمار ذرائع ہیں اور اللہ تعالیٰ کے بے شمار ایسے بندے ہیں جو ان ذرائع سے بچتے ہیں مگر شرعی تقسیم میراث ایک ایسا فریضہ ہے جس میں کوتاہی کے مرتکب بڑے بڑے دیندار لوگ بھی ہیں۔

تقسیم میراث کی اہمیت جاننے کے لئے چند صفحات پر مشتمل اس کتابچے کا خود بھی مطالعہ کریں اور زیادہ سے زیادہ شائع کر کے دوسروں تک پہنچائیں۔

من قطع میراث وارثہ قطع اللہ میراثہ من الجنۃ یوم القیامۃ

جس نے کسی وارث کے حصہ میراث کو روکا تو اللہ تعالیٰ قیامت کے دن جنت سے اس کے حصے کو روک لیں گے

تقسیم میراث کی اہمیت و فضیلت

مرتب
سید عبدالوہاب شیرازی
ادارۃ الصدیق

مساجد و مدارس اور اسکول میں پڑھنے والے مسلمان بچوں کا

ابتدائی دینی نصاب

میرا نام: ________ بن ________ ہے۔

میں ________ کلاس میں پڑھتا ہوں۔

میرے سکول کا نام: ________ ہے۔

میرا ایڈریس: ________ ہے۔

عبدالوہاب شیرازی

ادارۃ الصدیق

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

نَحْمَدُهٗ وَنُصَلِّيْ عَلٰى رَسُوْلِهِ الْكَرِيْمِ

اوّل کلمہ طیّبہ کلمہ توحید

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ

اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں، محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم اللہ کے رسول ہیں

شروع کرنے کی تاریخ ________ یاد ہوجانے کی تاریخ ________

دوم کلمہ شہادت

اَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ
وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَ رَسُوْلُهٗ

میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں وہ اکیلا ہے۔ اس کا کوئی شریک نہیں اور میں گواہی دیتا ہوں کہ حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم اس کے بندے اور رسول ہیں

شروع کرنے کی تاریخ ________ یاد ہوجانے کی تاریخ ________

ہدایات برائے اساتذہ

بچے کو اوّل اور دوم کلمہ صحیح تلفظ کے ساتھ یاد کرائیں۔ پہلے استاد بچے کے سامنے کلمے کو دہرائے پھر بچے سے کہلوائے۔ مختصر وقت میں جلد یاد کرانے کے لئے بچوں کا گروپ بنا دیا جائے، سب بچے باری باری ایک دوسرے کو کہلوائیں اور استاد سنتا رہے، جہاں اصلاح کی ضرورت ہو اس کی تصحیح کردی جائے۔ جب تک گروپ کے تمام بچوں کو اول کلمہ یاد نہ ہو جائے دوم کلمہ نہ شروع کرائیں، یاد ہونے کے بعد دوم کلمہ شروع کریں اور اول کلمہ کی روزانہ دہرائی کرائیں۔

نماز حصہ اول

اَللّٰہُ اَکْبَرُ

اللہ سب سے بڑا ہے

سُبْحٰنَكَ اللّٰهُمَّ وَ بِحَمْدِكَ وَ تَبَارَكَ

اے اللہ! ہم تیری پاکی بیان کرتے ہیں اور تیری تعریف کرتے ہیں اور تیرا نام بہت

اسْمُكَ وَ تَعَالٰى جَدُّكَ وَ لَآ اِلٰهَ غَيْرُكَ ط

برکت والا ہے اور تیری بزرگی بہت برتر ہے اور تیرے سوا کوئی مستحق عبادت نہیں

شروع کرنے کی تاریخ ________ یاد ہو جانے کی تاریخ ________

اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ

میں اللہ کی پناہ لیتا ہوں شیطان مردود سے

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

سُورۂ فاتحہ یا الحمد شریف

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۙ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۙ

ہر قسم کی تعریفیں اللہ ہی کے لئے ہیں جو تمام جہانوں کا پالنے والا ہے بڑا

مٰلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ ؕ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَ اِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ ؕ

مہربان نہایت رحم والا ہے۔ روز جزا کا مالک ہے (اے اللہ!) ہم تیری ہی عبادت

اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ ۙ صِرَاطَ الَّذِيْنَ

کرتے ہیں اور تجھ ہی سے مدد مانگتے ہیں۔ ہم کو سیدھے راستے پر چلا ایسے لوگوں کے

اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ

راستے پر جن پر تو نے انعام فرمایا ہے نہ ان کے راستے پر جن پر تیرا غصہ ہوا

وَلَا الضَّآلِّيْنَ ۝ اٰمِيْنَ

اور نہ گمراہوں کے راستے پر چلا!

شروع کرنے کی تاریخ ________ یاد ہو جانے کی تاریخ ________

اسلامی معلومات

سورۂ فاتحہ قرآن مجید کی پہلی سورۃ ہے۔ اس کی کل سات آیات ہیں۔

سوال: آسمانی کتابیں کتنی ہیں۔۔؟

جواب: آسمانی کتابیں چار ہیں۔

سوال: ان کے نام بتائیں۔

جواب: ۱۔تورات ۲۔زبور ۳۔انجیل ۴۔قرآن

سورہ اخلاص

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ○

اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

قُلۡ ہُوَ اللّٰہُ اَحَدٌ ○ اَللّٰہُ الصَّمَدُ ○ لَمۡ یَلِدۡ ○

(اے نبی!) کہہ دو کہ وہ (یعنی) اللہ یگانہ ہے اللہ بے نیاز ہے اس سے کوئی پیدا نہیں

وَلَمۡ یُوۡلَدۡ ○ وَ لَمۡ یَکُنۡ لَّہٗ کُفُوًا اَحَدٌ ○

ہوا اور نہ وہ کسی سے پیدا ہوا اور کوئی اس کے برابر نہیں

شروع کرنے کی تاریخ ________ یاد ہو جانے کی تاریخ ________

اَللّٰہُ اَکۡبَرُ

اللہ سب سے بڑا ہے

رکوع یعنی جھکنے کی حالت کی تسبیح

سُبۡحَانَ رَبِّیَ الۡعَظِیۡمِ

پاکی بیان کرتا ہوں میں اپنے پروردگار بزرگ کی

قومہ یعنی رکوع سے اُٹھتے وقت کی تسمیع

سَمِعَ اللّٰہُ لِمَنۡ حَمِدَہٗ

اللہ نے (اس کی) سن لی جس نے اس کی تعریف کی

رَبَّنَا لَکَ الۡحَمۡدُ

اے ہمارے رب تیرے ہی لئے سب تعریف ہے

سجدہ یعنی زمین پر سر رکھنے کی حالت کی تسبیح

سُبۡحَانَ رَبِّیَ الۡاَعۡلٰی

پاکی بیان کرتا ہوں میں اپنے پروردگار برتر کی

شروع کرنے کی تاریخ ________ یاد ہو جانے کی تاریخ ________

اسلامی معلومات

سورۃ اخلاص تین بار پڑھنے سے پورے ایک قرآن پڑھنے کا ثواب ملتا ہے۔

سوال: چار آسمانی کتابیں کن کن پیغمبروں پر نازل ہوئیں۔۔؟

جواب: ۱۔تورات: حضرت موسیٰ علیہ السلام پر۔ ۲۔زبور: حضرت داؤد علیہ السلام پر۔ ۳۔انجیل: حضرت عیسیٰ علیہ السلام پر۔ ۴۔قرآن: حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر۔

نماز کا حصہ اول مکمل ہوا۔

ہدایات برائے اساتذہ

بچوں کو یہاں تک نماز کا طریقہ عملی طور پر کر کے سکھائیں۔ تکبیر تحریمہ کا طریقہ، ہاتھ باندھنے کا طریقہ اور مقام، کھڑے ہونے کا طریقہ، پاؤں کا رُخ کس طرف ہو، نظر کہاں ہو، اور توجہ کس طرف ہو، جماعت کی صورت میں صف بنانے کا طریقہ یہ سب تفصیل کے ساتھ سمجھائیں اور عملی طور پر مشق کرائیں۔ جب تک یہ تمام چیزیں ازبر یاد نہ ہوں مزید سبق نہ دیں۔

تشہد یا التحیات

اَلتَّحِيَّاتُ لِلّٰهِ وَالصَّلَوَاتُ وَالطَّيِّبَاتُ اَلسَّلَامُ
تمام قولی عبادتیں اور تمام فعلی عبادتیں اور تمام مالی عبادتیں اللہ ہی کے لئے ہیں سلام
عَلَيْكَ اَيُّهَا النَّبِيُّ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهٗ اَلسَّلَامُ
ہو آپ پر اے نبی اور اللہ کی رحمت اور اس کی برکتیں سلام ہو ہم پر اور اللہ کے نیک
عَلَيْنَا وَعَلٰى عِبَادِ اللّٰهِ الصّٰلِحِيْنَ اَشْهَدُ اَنْ
بندوں پر گواہی دیتا ہوں میں کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اور گواہی دیتا ہوں میں
لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ
کہ حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم اللہ کے بندے اور اس کے رسول ہیں

شروع کرنے کی تاریخ ______

یاد ہوجانے کی تاریخ ______

اسلامی معلومات

سوال آسمانی کتاب کا کیا مطلب ہے۔۔؟

جواب یعنی وہ کتاب جس کو اللہ تعالیٰ نے آسمان سے نازل کیا۔

سوال چاروں آسمانی کتابوں میں سب سے افضل کونسی کتاب ہے۔۔؟

جواب قرآن مجید۔

سوال قرآن مجید کتنے عرصے میں نازل ہوا۔

جواب تقریباً 23 سال میں۔

درود شریف

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا
اے اللہ رحمت نازل فرما محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر اور ان کی آل پر جیسے کہ رحمت نازل
صَلَّيْتَ عَلٰٓى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰٓى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ
فرمائی تو نے ابراہیم علیہ السلام پر اور ان کی آل پر بیشک تو تعریف کا مستحق بڑی بزرگی
حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ط اَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى
والا ہے۔اے اللہ برکت نازل فرما محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر اور ان کی آل پر جیسے برکت
اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰٓى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰى
نازل فرمائی تو نے ابراہیم علیہ السلام پر اور ان کی آل پر
اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ
بیشک تو تعریف کا مستحق بزرگی والا ہے

شروع کرنے کی تاریخ ______

یاد ہوجانے کی تاریخ ______

اسلامی معلومات

تمام درودوں میں سب سے افضل یہی درود ابراہیمی ہے۔

ایک بار درود شریف پڑھنے سے دس نیکیاں ملتی ہیں، دس گناہ معاف ہوتے ہیں، دس درجات بلند ہوتے ہیں۔

جب حضور ﷺ کا نام لیں یا کسی اور سے سنیں تو ایک بار درود شریف پڑھنا واجب ہے۔

سب سے مختصر درود شریف صلی اللہ علیہ وسلم ہے۔

دُرود شریف کے بعد کی دُعا

اَللّٰھُمَّ رَبَّنَآ اٰتِنَا فِی الدُّنْیَا حَسَنَةً وَّ فِی الْاٰخِرَةِ
اے اللہ ہمیں دنیا میں بھی نعمت عطا فرما اور آخرت میں بھی
حَسَنَةً وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ
نعمت عطا فرما اور ہمیں جہنم کے عذاب سے محفوظ رکھنا۔

سلام

اَلسَّلَامُ عَلَیْکُمْ وَ رَحْمَةُ اللّٰهِ ط
سلام ہو تم پر اور اللہ کی رحمت

شروع کرنے کی تاریخ ______ یاد ہو جانے کی تاریخ ______

اسلامی معلومات

نماز کے بعد دعا قبول ہوتی ہے۔ دعا صرف اللہ سے مانگنی چاہیے۔ اللہ کے علاوہ کسی اور سے مانگنا منع ہے۔ نماز چھوڑنا سخت گناہ ہے۔ ہمارے پیغمبر حضرت محمد ﷺ نے فرمایا:

جب بچہ سات سال کا ہو جائے تو اسے نماز کا کہو، جب دس سال کا ہو جائے اور نماز نہ پڑھے تو مارو۔

نماز نہ پڑھنے سے قبر میں سخت عذاب ہوتا ہے۔ اور قیامت والے دن بھی سخت عذاب ہوگا۔

مندرجہ بالا باتیں بچوں کو اچھی طرح تفصیل کے ساتھ سمجھا دیں

اساتذہ کرام!

بچوں کو پوری نماز کا طریقہ عملی طور پر صفوں میں کھڑے کر کے سکھائیں۔

بچوں کو بتائیں کہ:

تکبیر تحریمہ کہتے وقت ہاتھوں کو کانوں تک اس طرح اٹھائیں کہ ہتھیلیوں کا رُخ قبلہ کی طرف ہو۔ پھر ہاتھ ناف کے نیچے باندھیں۔

نظر سجدے والی جگہ پر ہو، پاؤں کا رُخ قبلہ کی طرف ہو۔

جب جماعت کے ساتھ نماز پڑھ رہے ہوں تو امام کے پیچھے صرف ''ثناء'' پڑھیں۔

تعوذ، تسمیہ، سورۃ فاتحہ، اور دیگر سورۃ امام خود پڑھے گا۔

جب امام و لاالضالین کہے تو آہستہ آمین کہنی چاہیے۔

رکوع میں اتنا جھکیں کہ سر اور پیٹھ برابر ہو جائیں، نظر پاؤں پر ہو۔ رکوع سے فوراً سجدے میں نہ جائیں بلکہ سیدھے کھڑے ہو کر پھر سجدے میں جائیں۔

ایک سجدہ کر کے اطمینان کے ساتھ کچھ دیر بیٹھیں اور پھر دوسرا سجدہ کریں۔ سجدے میں نظر ناک پر ہو۔

تشہد میں اشھدان لاالہ پر انگوٹھے اور بڑی انگلی کا حلقہ بنا کر شہادت والی انگلی اٹھائیں اور الااللہ پر نیچے جھکا دیں۔ تشھد میں نظر گود میں ہو۔

دُعائے قنوت

اَللّٰهُمَّ اِنَّا نَسْتَعِيْنُكَ وَ نَسْتَغْفِرُكَ وَنُؤْمِنُ بِكَ

الٰہی! ہم تجھ سے مدد چاہتے ہیں اور تجھ سے معافی مانگتے ہیں اور تجھ پر ایمان رکھتے ہیں اور

وَ نَتَوَكَّلُ عَلَيْكَ وَ نُثْنِیْ عَلَيْكَ الْخَيْرَ ط وَنَشْكُرُكَ

تجھ پر بھروسہ رکھتے ہیں اور تیری بہت اچھی تعریف کرتے ہیں اور تیرا شکر کرتے ہیں اور

وَ لَا نَكْفُرُكَ وَ نَخْلَعُ وَ نَتْرُكُ مَنْ يَّفْجُرُكَ ط

تیری ناشکری نہیں کرتے اور الگ کرتے ہیں اور چھوڑتے ہیں اس شخص کو جو تیری نافرمانی

اَللّٰهُمَّ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَ لَكَ نُصَلِّیْ وَ نَسْجُدُ وَ

کرے۔ الٰہی! ہم تیری ہی عبادت کرتے ہیں اور تیرے ہی لئے نماز پڑھتے ہیں اور سجدہ

اِلَيْكَ نَسْعٰی وَ نَحْفِدُ وَ نَرْجُوْا رَحْمَتَكَ وَنَخْشٰی

کرتے ہیں اور تیری ہی طرف دوڑتے ہیں اور جھپٹتے ہیں اور تیری رحمت کے امیدوار

عَذَابَكَ اِنَّ عَذَابَكَ بِالْكُفَّارِ مُلْحِقٌ ط

ہیں اور تیرے عذاب سے ڈرتے ہیں۔ بیشک تیرا عذاب کافروں کو پہنچنے والا ہے۔

شروع کرنے کی تاریخ ______　یاد ہوجانے کی تاریخ ______

حدیث: فرمایا رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے جو شخص وتر نہ پڑھے وہ ہم میں سے نہیں ہے۔ تین بار یوں ہی فرمایا۔ لہٰذا وتر نماز کبھی نہ چھوڑو۔

وضو کے چار فرض ہیں۔

1۔ پورا چہرہ دھونا......2۔ ہاتھوں کو کہنیوں سمیت دھونا......3۔ چوتھائی سر کا مسح کرنا......4۔ دونوں پاؤں ٹخنوں سمیت دھونا۔

ان چار میں سے کوئی چیز رہ گئی تو وضوء نہ ہوگا۔

شروع کرنے کی تاریخ ______　یاد ہوجانے کی تاریخ ______

وضو کی تیرہ سنتیں ہیں۔

1۔ نیت کرنا......2۔ بسم اللہ پڑھنا......3۔ ہر عضو کو تین تین بار دھونا......4۔ مسواک کرنا......5۔ کلی کرنا...... 6۔ ناک میں پانی ڈالنا......7۔ داڑھی کا خلال کرنا......8۔ انگلیوں کا خلال کرنا......9۔ پورے سر کا مسح کرنا......10۔ کانوں کا مسح کرنا......11۔ ترتیب سے وضوء کرنا......12۔ مسلسل وضو کرنا......13۔ اعضاء کو ملنا۔ انگوٹھی اور چوڑیاں اگر پہنی ہوں تو ان کو حرکت دینا تاکہ پانی نیچے پہنچ جائے۔

نوٹ: گردن کا مسح مستحب ہے۔ جبکہ کہنیوں اور حلق کا مسح کرنا غلط ہے۔

ان تیرہ سنتوں میں سے کوئی رہ جائے تو وضوء تو ہو جائے گا لیکن ثواب کم ملے گا۔

شروع کرنے کی تاریخ ______　یاد ہوجانے کی تاریخ ______

نماز میں چودہ فرائض ہیں۔ (سات نماز سے پہلے اور سات نماز کے اندر)

1۔ بدن کا پاک ہونا......2۔ کپڑوں کا پاک ہونا......3۔ جگہ کا پاک ہونا......4۔ ستر کا چھپانا......5۔ وقت کا ہونا......6۔ قبلہ کی طرف منہ کرنا......7۔ نیت کرنا......8۔ تکبیر تحریمہ......9۔ قیام (یعنی کھڑے ہو کر نماز پڑھنا)......10۔ قرأت (یعنی قرآن کا کچھ حصہ پڑھنا)......11۔ رکوع کرنا......12۔ دونوں سجدے کرنا......13۔ قعدہ اخیرہ (یعنی آخری رکعت میں تشہد کی مقدار بیٹھنا......14۔ اپنے ارادے سے نماز ختم کرنا۔

ان میں سے کوئی چیز رہ گئی تو نماز ہرگز نہ ہوگی، اگرچہ سجدہ سہو بھی کرلیا جائے۔

شروع کرنے کی تاریخ ______　یاد ہوجانے کی تاریخ ______

نماز میں مندرجہ ذیل واجبات ہیں۔

1۔سورۃ فاتحہ کا پڑھنا......2۔فاتحہ کے ساتھ کسی سورت کا ملانا (یعنی فرض کی پہلی دو رکعتوں میں اور باقی نمازوں کی تمام رکعتوں میں سورۃ پڑھنا)......3۔فاتحہ کو سورۃ سے پہلے پڑھنا......4۔قرأت کے لئے فرض کی پہلی دو رکعتوں کو متعین کرنا......5۔جہر اور سر (یعنی امام کیلئے ظہر، عصر میں آہستہ اور فجر، مغرب، عشاء، جمعہ، عیدین اور تراویح میں بلند آواز سے قرأت کرنا......6۔تعدیل ارکان (یعنی اطمینان سے نماز ادا کرنا)...... 7۔رکوع کرکے سیدھا کھڑا ہونا......8۔دو سجدوں کے درمیان بیٹھنا...... 9۔قعدہ اولیٰ (یعنی چار رکعت والی نماز میں دوسری رکعت کے سجدہ کے بعد تشہد کی مقدار بیٹھنا......10۔تشہد پڑھنا......11۔ارکان (فرائض) میں ترتیب قائم رکھنا......12۔لفظ سلام سے نماز ختم کرنا......13۔وتر میں دعائے قنوت پڑھنا......14۔دعائے قنوت سے پہلے تکبیر کہنا......15۔عیدین میں چھ زائد تکبیریں کہنا۔

ان میں سے کوئی چیز بھول کر رہ جائے تو سجدہ سہو کرنے سے نماز ہو جائے گی

اذان واقامت

اَللّٰہُ اَکْبَرُ اَللّٰہُ اَکْبَرُ ، اَللّٰہُ اَکْبَرُ اَللّٰہُ اَکْبَرُ ، اَشْھَدُ اَنْ لَّآاِلٰہَ اِلَّااللّٰہُ ، اَشْھَدُ اَنْ لَّآاِلٰہَ اِلَّااللّٰہُ ، اَشْھَدُاَنَّ مُحَمَّدَارَّسُوْلُ اللّٰہِ، اَشْھَدُاَنَّ مُحَمَّدَارَّسُوْلُ اللّٰہِ، حَیَّ عَلَی الصَّلٰوۃِ حَیَّ عَلَی الصَّلٰوۃِ ، حَیَّ عَلَی الْفَلَاحِ حَیَّ عَلَی الْفَلَاحِ ، اَللّٰہُ اَکْبَرُاَللّٰہُ اَکْبَرُ ، لَااِلٰہَ اِلَّااللّٰہِ

فجر کی آذان میں حی الفلاح کے بعد ''اَلصَّلٰوۃُ خَیْرٌمِّنَ النَّوْمِ'' دومرتبہ کہیں۔اقامت بھی آذان ہی کی طرح ہے، صرف حی الفلاح کے بعد ''قَدْقَامَتِ الصَّلٰوۃُ'' دومرتبہ کہیں۔جب آذان شروع ہو تو باتیں بند کردیں اور آذان کا جواب دیں، آذان کے جواب میں وہی الفاظ کہیں جو مؤذن کہتا ہے، صرف حی الصلوۃ اور حی الفلاح کے جواب میں ''لَاحَوْلَ وَلَاقُوَّۃَ اِلَّابِاللّٰہِ'' کہیں۔اقامت کا جواب بھی آذان کے جواب کی طرح ہے صرف قد قامت الصلوۃ کے جواب میں ''اَقَامَھَااللّٰہُ وَاَدَامَھَا'' کہیں۔

وضو اور نماز کا طریقہ

۱۔قبلہ کی طرف رخ کرکے اونچی جگہ پر بیٹھیں طہارت کی نیت اور بسم اللہ پڑھیں۔پھر سب سے پہلے دونوں ہاتھوں کو کلائیوں تک تین بار دھوئیں۔

۲۔پھر تین بار کلی کریں، بہتر یہ ہے کہ مسواک بھی کیا جائے ورنہ انگلی کے ساتھ ہی مسواک کریں۔

۳۔پھر ناک میں تین بار پانی ڈالیں اور جھاڑیں۔

۴۔پھر تین بار پورے چہرے کو دھوئیں، ایک کان کی لو سے دوسرے کان کی لو تک اسی طرح پیشانی پر جہاں سے بال شروع ہوتے ہیں وہاں سے لیکر ٹھوڑی کے نیچے تک دھوئیں۔

۵۔پھر دونوں بازوں کو کہنیوں سمیت تین بار دھوئیں۔

٦۔ پھر پورے سر کا مسح اس طرح کریں کہ دونوں ہاتھوں کی چھوٹی، اس کے ساتھ والی اور اس کے ساتھ والی یعنی درمیانی انگلیوں کے سروں کو آپس میں ملا کر پورے سر پر پھیریں جبکہ شہادت کی انگلیاں اور انگوٹھے سر کے ساتھ چُھوتے نہ ہوں۔

٧۔ پھر انگوٹھے اور شہادت کی انگلی کے ساتھ کانوں کا مسح اس طرح کریں کہ شہادت کی انگلیاں کانوں کے اندر اور انگوٹھے کانوں کی پشت پر ہوں۔

٨۔ پھر گردن کا مسح اس طرح کریں کہ دونوں ہاتھوں کی چھوٹی، اس کے ساتھ والی اور اس کے ساتھ والی یعنی درمیانی انگلیوں کی پشت کو گردن پر رکھ کر اٹھا دیں۔ حلق کی طرف نہ کھینچیں۔

٩۔ پھر دائیاں پاؤں تین بار اور پھر بائیاں پاؤں تین بار دھوئیں۔

وضو کرنے کے بعد دوسرا کلمہ پڑھیں۔

تیمّم

اگر آپ کسی ایسی جگہ پر ہوں جہاں چاروں طرف ایک میل تک پانی موجود نہ ہو تو پھر تیمّم کیا جاتا ہے، تیمّم کرنے کا طریقہ یہ ہے:

1۔ سب سے پہلے نیت کریں۔

2۔ پھر پاک مٹی یا پتھر وغیرہ پر دونوں ہاتھ رکھ کر پورے چہرے پر پھیریں۔

3۔ دوبارہ مٹی یا پتھر وغیرہ پر ہاتھ رکھ کر دونوں بازوؤں پر کہنیوں سمیت اس طرح پھیریں کہ کوئی جگہ خالی نہ رہے۔

تصویر نمبر1: نماز شروع کرتے وقت قبلہ کی طرف رُخ کر کے سیدھے کھڑے ہوں، پاؤں کے درمیان مناسب فاصلہ ہو، پاؤں کا رُخ قبلہ کی طرف ہو نظریں سجدے کی جگہ پر ہوں۔

تصویر نمبر1

تصویر نمبر2

تصویر نمبر2: نماز شروع کرنے اور تکبیر تحریمہ کہنے کے لئے دونوں ہاتھوں کو کانوں تک اس طرح اٹھائیں کہ انگوٹھے کانوں کی لو کے برابر آ جائیں، ہتھیلیوں کا رُخ قبلہ کی طرف ہو انگلیاں آسمان کی طرف ہوں۔

تصویر نمبر3

تصویر نمبر3: خواتین دونوں ہاتھ کاندھے تک ڈوپٹے کے اندر سے ہی اٹھائیں۔

تصویر نمبر4

تصویر نمبر4: تکبیر تحریمہ کہہ کر دونوں ہاتھ ناف کے نیچے اس طرح باندھیں کہ انگوٹھے اور چھوٹی انگلی سے حلقہ بنالیں اور باقی تین انگلیاں بائیں کلائی پر ہوں۔

تصویر نمبر5

تصویر نمبر5: خواتین اپنے ہاتھ سینے پر اس طرح رکھیں کہ دائیں ہاتھ کی ہتھیلی بائیں ہاتھ کی پشت پر رکھیں۔

غلط طریقہ

تصویر نمبر 6: رکوع کرتے ہوئے اتنا جھکیں کہ گردن اور پیٹھ ایک سیدھ میں آ جائیں، ہاتھوں کو گھٹنوں پر اس طرح رکھیں کہ انگلیاں کھلی ہوئی ہوں۔ نظر پاؤں پر رکھیں۔

تصویر نمبر 6

مردوں کا درست طریقہ

عورتوں کا درست طریقہ

تصویر نمبر 7: خواتین مردوں کی طرح زیادہ نہ جھکیں صرف اتنا جھکیں کہ ہاتھ گھٹنوں تک پہنچ جائیں۔

تصویر نمبر 7

تصویر نمبر 8

سجدے میں جانے کا غلط طریقہ

سجدے میں جانے کا درست طریقہ

تصویر نمبر 8: رکوع سے واپس سیدھے کھڑے ہوں۔

تصویر نمبر 9

تصویر نمبر 9: پھر سجدے میں اس طرح جائیں کہ سینہ بالکل سیدھا ہو، آگے کو جھک کر سجدے میں نہ جائیں۔ پہلے زمین پر گھٹنے لگیں پھر ہاتھ پھر ناک پھر پیشانی۔

تصویرنمبر10: سجدے میں سر دونوں ہاتھوں کے درمیان ہو، ہاتھ کی انگلیاں قبلہ کی طرف ہوں، کہنیاں پہلو سے جدا ہوں، رانیں پیٹ سے جدا ہوں، نظر ناک پر ہو، پاؤں کی انگلیاں زمین پر رکھی ہوئی ہوں اور رُخ قبلہ کی طرف ہو۔

تصویرنمبر11: خواتین اس طرح سجدہ کریں کہ پیٹ رانوں سے ملا ہوا ہو، بازو پہلو سے ملے ہوئے ہوں، پاؤں دائیں طرف نکال کر لٹا دیں۔

تصویرنمبر12: سجدے سے اٹھتے وقت پہلے سر، پھر ناک، پھر ہاتھ اٹھائیں۔ سجدے سے اٹھ کر اطمینان سے بیٹھیں، بائیں پاؤں کو دائیں طرف لٹا دیں اور دائیں پاؤں کو اس طرح کھڑا کریں کہ انگلیوں کا رُخ قبلہ کی طرف ہو۔

تصویرنمبر13: خواتین اس طرح بیٹھیں کہ دونوں پاؤں دائیں طرف لیٹے ہوئے ہوں۔

تصویر نمبر 14: دوسرے سجدے سے اٹھتے وقت پہلے سر، پھر ناک، پھر ہاتھ، پھر گھٹنے اٹھائیں۔ کھڑا ہونے کے لئے ہاتھ زمین پر نہ رکھیں بلکہ گھٹنوں پر ہاتھ رکھ کر اٹھیں۔

تصویر نمبر 15: تشہد میں جب ''اشھد ان لا'' پر پہنچیں تو درمیان والی انگلی کو انگوٹھے کے ساتھ ملا کر حلقہ بنالیں، چھوٹی اور اس کے ساتھ والی انگلی کو بند کر دیں، پھر شہادت والی انگلی کو اوپر اٹھائیں اور ''الا اللہ'' پر پہنچ کر اتنا نیچے کر دیں کہ درمیان والی اور شہادت والی انگلی کا درمیانہ جوڑ برابر ہو جائیں۔

تصویر نمبر 16: سلام پھیرتے وقت ''السلام'' کا لفظ قبلہ کی طرف کہیں اور ''علیکم'' کہتے وقت دائیں طرف منہ موڑیں، پھر دوبارہ ''السلام'' کا لفظ قبلہ کی طرف کہیں اور ''علیکم'' کہتے وقت بائیں طرف منہ موڑیں۔

سلام کے بعد ایک بار بلند آواز سے اللہ اکبر اور تین بار استغفر اللہ کہیں اور پھر آیت الکرسی پڑھیں۔

نام نماز	سنت مؤکدہ	سنت غیر مؤکدہ	فرض	سنت	نفل	واجب	کل رکعت
فجر	2	×	2	×	×	×	4
ظهر	4	×	4	2	مرضی	×	10
عصر	×	4	4	×	×	×	8
مغرب	×	×	3	2	6 اوابین	×	11
عشاء	×	4	4	2	مرضی	3	13
جمعه	4	×	2	2+4	مرضی	×	12
عیدین	×	×	×	×	×	2	2

نوٹ: بچوں کو تہجد، اشراق، چاشت، اوابین، تحیۃ المسجد، تحیۃ الوضو اور دیگر نوافل کے بارے میں بتائیں۔

دنیا میں جتنے بھی کام ہیں کرنے کے، یا نہ کرنے کے، یا جتنی بھی چیزیں ہیں، الغرض جو کچھ بھی ہے وہ مندرجہ ذیل اصطلاحات میں سے کسی نہ کسی میں شامل ہے، کوئی بھی چیز ان سے باہر نہیں۔ اس لئے ان کو خوب سمجھ کر یاد کرلیں، اور پھر ہر چیز کے بارے میں علماء سے پوچھیں کہ وہ ان میں سے کس میں شامل ہے۔ مثلاً پانچ نمازیں فرض ہیں، پگڑی پہننا سنت ہے، داڑھی رکھنا واجب ہے، مسجد میں اعتکاف کی نیت کرنا مستحب ہے، شراب حرام ہے، سگریٹ پینا مکروہ ہے، وغیرہ

فرض ......☆ وہ ہے جس کو ادا کرنا ضروری ہے، اور اس کا انکار کرنے والا کافر ہو جاتا ہے۔ فرض کی دو قسمیں ہیں: 1۔ فرض عین، 2۔ فرض کفایہ۔

فرض عین وہ ہے جو ہر مسلمان پر علیحدہ علیحدہ فرض ہے جیسے نماز، روزہ وغیرہ۔ اور فرض کفایہ وہ ہے جسے چند مسلمان ادا کرلیں تو سب کی طرف سے ادا ہو جاتا ہے جیسے نماز جنازہ۔

شروع کرنے کی تاریخ ________ یاد ہو جانے کی تاریخ ________

واجب ......☆ وہ ہے جس کو ادا کرنا ضروری ہے لیکن اس کا انکار کرنے والا کافر نہیں بلکہ گمراہ ہے۔ جیسے نماز وتر۔

شروع کرنے کی تاریخ ________ یاد ہو جانے کی تاریخ ________

سنت ......☆ سنت کی دو قسمیں ہیں: 1۔ مؤکدہ، 2۔ غیر مؤکدہ۔ سنت مؤکدہ وہ ہے جسے نبی ﷺ یا صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین نے ہمیشہ کیا ہو، اسے جان بوجھ کر چھوڑنے والے کے لئے حضور ﷺ کی شفاعت سے محروم ہونے کا خطرہ ہے۔ مثلاً فجر ظہر کی پہلی اور ظہر مغرب عشاء کی بعد والی دو سنتیں۔ غیر مؤکدہ وہ ہے جسے نبی ﷺ یا صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین نے اکثر کیا ہو اور کبھی بغیر عذر کے چھوڑا بھی ہو، مثلاً عصر اور عشاء کی پہلی چار سنتیں۔

شروع کرنے کی تاریخ ________ یاد ہو جانے کی تاریخ ________

مستحب ......☆ وہ ہے جسے نبی ﷺ یا صحابہ رضوان اللہ علیہم اجمعین نے کبھی کیا اور کبھی چھوڑا ہے، مستحب عمل کرنے سے ثواب ملتا ہے اور نہ کرنے سے گناہ نہیں ہوتا مثلاً نوافل وغیرہ۔

شروع کرنے کی تاریخ ________ یاد ہو جانے کی تاریخ ________

حرام ......☆ وہ ہے جس سے بچنا ضروری ہے اور اس کو حلال سمجھنے والا کافر ہو جاتا ہے۔ مثلاً شراب، جھوٹ بولنا۔

شروع کرنے کی تاریخ ________ یاد ہو جانے کی تاریخ ________

مکروہ ......☆ مکروہ کی دو قسمیں ہیں: 1۔ مکروہ تحریمی، 2۔ مکروہ تنزیہی۔

مکروہ تحریمی وہ ہے جس سے بچنا ضروری ہے لیکن اس کو حلال سمجھنے والا کافر نہیں بلکہ گمراہ ہوتا ہے۔

مکروہ تنزیہی وہ ہے جس کا کرنا بُرا سمجھا جائے اور نہ کرنا بہتر ہو۔ مثلاً نماز کی پہلی رکعت میں ثناء کی بجائے سورہ فاتحہ سے نماز شروع کردینا۔

شروع کرنے کی تاریخ ________ یاد ہو جانے کی تاریخ ________

مباح ......☆ وہ ہے جس کے کرنے سے نہ گناہ ہو اور نہ ثواب مثلاً کھانا، پینا، سونا وغیرہ۔

شروع کرنے کی تاریخ ________ یاد ہو جانے کی تاریخ ________

نوافل

فرائض واجبات اور سنن کے ساتھ ساتھ نوافل کا بھی اہتمام کرنا چاہئے، قیامت والے دن فرائض کی کمی کو نوافل سے پورا کیا جائے گا۔ ویسے تو نوافل کی کوئی حد نہیں ہم جتنی چاہیں نفلی نمازیں، روزے اور مالی صدقے کر سکتے ہیں مگر بعض نوافل کا روایات میں خاص ذکر اور فضیلت مذکور ہے جیسے نمازوں میں اشراق، چاشت، اوابین، صلوۃ تسبیح، تحیۃ الوضوء، تحیۃ المسجد وغیرہ۔ ان میں سب سے افضل تہجد کی نماز ہے۔

اسی طرح روزوں میں ایام بیض، محرم، شوال، عرفہ وغیرہ کے روزے۔

مالی صدقات میں زکوۃ فطرانہ کے علاوہ اچھے کاموں مثلاً مسجد، مدرسہ دینی کاموں کی اشاعت، یتیموں، غریبوں پر بھی مال خرچ کرنا چاہئے۔

سوم کلمہ تمجید

سُبۡحَانَ اللّٰہِ وَالۡحَمۡدُ لِلّٰہِ وَ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاللّٰہُ اَکۡبَرُؕ وَلَاحَوۡلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الۡعَلِیِّ الۡعَظِیۡمِ

میں اللہ کی پاکی بیان کرتا ہوں اور تمام تعریف اللہ ہی کے لئے ہے اور اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اور اللہ سب سے بڑا ہے اور گناہوں سے بچنے کی طاقت اور نیک کام کرنے کی قوت اللہ ہی کی طرف سے ہے جو بلند شان اور عظمت والا ہے۔

شروع کرنے کی تاریخ ________ یاد ہوجانے کی تاریخ ________

چہارم کلمہ توحید

لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحۡدَہٗ لَا شَرِیۡکَ لَہٗ لَہُ الۡمُلۡکُ وَلَہُ الۡحَمۡدُ یُحۡیٖ وَ یُمِیۡتُ وَ ھُوَحَیٌّ لَّا یَمُوۡتُ اَبَدًا اَبَدًاؕ ذُوالۡجَلَالِ وَالۡاِکۡرَامِؕ بِیَدِہِ الۡخَیۡرُؕ وَ ھُوَ عَلٰی کُلِّ شَیۡءٍ قَدِیۡرٌؕ

اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں وہ اکیلا ہے اس کا کوئی شریک نہیں اسکی بادشاہی ہے اور اسی کیلئے تمام تعریف ہے وہ زندہ کرتا ہے اور مارتا ہے اور وہ ہمیشہ ہمیش زندہ رہے گا اسے کبھی بھی موت نہیں وہ عظمت اور بزرگی والا ہے۔ بہتری اسی کے ہاتھ میں ہے اور وہ ہر چیز پر قادر ہے۔

شروع کرنے کی تاریخ ________ یاد ہوجانے کی تاریخ ________

پنجم کلمہ استغفار

اَسۡتَغۡفِرُ اللّٰہَ رَبِّیۡ مِنۡ کُلِّ ذَنۡبٍ اَذۡنَبۡتُہٗ عَمَدًا اَوۡخَطَاً سِرًّا اَوۡ عَلَانِیَۃً وَّ اَتُوۡبُ اِلَیۡہِ مِنَ الذَّنۡبِ الَّذِیۡٓ اَعۡلَمُ وَ مِنَ الذَّنۡبِ الَّذِیۡ لَآ اَعۡلَمُ اِنَّکَ اَنۡتَ عَلَّامُ الۡغُیُوۡبِ وَ سَتَّارُ الۡعُیُوۡبِ وَغَفَّارُ الذُّنُوۡبِ وَلَاحَوۡلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الۡعَلِیِّ الۡعَظِیۡمِ

میں اللہ سے معافی مانگتا ہوں جو میرا پروردگار ہے، ہر گناہ سے جو میں نے کیا جان بوجھ کر یا بھول کر در پردہ ہو یا کھلم کھلا اور میں توبہ کرتا ہوں اس کے حضور میں اس گناہ سے جو مجھے معلوم ہے اور اس گناہ سے جو مجھے معلوم نہیں۔ اے اللہ! بے شک تو غیبوں کا جاننے والا ہے اور عیبوں کا چھپانے والا ہے اور گناہوں کا بخشنے والا ہے اور گناہوں سے بچنے کی طاقت اور نیک کام کرنے کی قوت اللہ ہی کی طرف سے ہے جو بلند شان اور عظمت والا ہے۔

شروع کرنے کی تاریخ ________ یاد ہوجانے کی تاریخ ________

اسلامی معلومات

- **تمجید کا معنی بزرگی ہے** ◀ یعنی اللہ تعالیٰ بزرگ و برتر ذات ہے، تمام پاکیاں اور تمام تعریفیں اس اللہ کے لئے ہیں۔
- **توحید کا معنی اکیلا ہے** ◀ یعنی اللہ تعالیٰ ایک ہے اس کے ساتھ ذات یا صفات میں کوئی شریک نہیں، اگر کوئی اللہ کے ساتھ کسی کو شریک کرے تو وہ مشرک ہے، مثلاً خالق، رازق، ناصر یہ اللہ کی صفات ہیں اگر کوئی اللہ کے علاوہ کسی سے اولاد، رزق، یا مدد مانگے وہ مشرک ہے اور مشرک ہمیشہ کیلئے جہنم میں جائے گا۔
- **استغفار کا معنی توبہ ہے** ◀ توبہ اللہ تعالیٰ سے معافی مانگنا ہے، توبہ سے گناہ معاف ہوتے ہیں، توبہ کو اللہ تعالیٰ پسند کرتا ہے۔

ششم کلمہ ردِّ کفر

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْۤ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ اَنْ اُشْرِكَ بِكَ شَيْئًا وَّ اَنَا اَعْلَمُ بِهٖ وَ اَسْتَغْفِرُكَ لِمَا لَاۤ اَعْلَمُ بِهٖ تُبْتُ عَنْهُ وَ تَبَرَّأْتُ مِنَ الْكُفْرِ وَ الشِّرْكِ وَ الْكِذْبِ وَ الْغِيْبَةِ وَ الْبِدْعَةِ وَ النَّمِيْمَةِ وَ الْفَوَاحِشِ وَ الْبُهْتَانِ وَ الْمَعَاصِىْ كُلِّهَا وَ اَسْلَمْتُ وَ اَقُوْلُ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ ؕ

الٰہی میں تیری پناہ مانگتا ہوں اس بات سے کہ کسی چیز کو تیرا شریک بناؤں اور مجھے اس کا علم ہو اور میں معافی مانگتا ہوں تجھ سے (اس گناہ) سے جس کا مجھے علم نہیں میں نے شرک سے توبہ کی اور میں بیزار ہوا کفر اور شرک سے اور جھوٹ سے اور غیبت سے اور بدعت سے اور چغلی سے اور بے حیائی کے کاموں سے اور تہمت لگانے سے اور (دوسری) ہر قسم کی نافرمانیوں سے اور میں نے فرمانبرداری کے لئے سر جھکا دیا اور میں کہتا ہوں کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں، حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم اللہ کے رسول ہیں۔

شروع کرنے کی تاریخ ________ یاد ہو جانے کی تاریخ ________

جس طرح غیبت کرنا گناہ ہے اسی طرح غیبت سننا بھی گناہ ہے

بدعت، غیبت، چغلی، جھوٹ، اور تہمت لگانا کبیرہ گناہ ہیں۔

ایمانِ مجمل یہ ہے

اٰمَنْتُ بِاللّٰهِ كَمَا هُوَ بِاَسْمَآئِهٖ وَصِفَاتِهٖ وَقَبِلْتُ

ایمان لایا میں اللہ پر جیسا کہ وہ اپنے ناموں اور صفتوں کے ساتھ ہے اور

جَمِيْعَ اَحْكَامِهٖ اِقْرَارٌۢ بِاللِّسَانِ وَتَصْدِيْقٌۢ بِالْقَلْبِ

میں نے اس کے تمام احکام قبول کیے، اقرار کیا زبان سے اور تصدیق کی دل سے

شروع کرنے کی تاریخ ________ یاد ہو جانے کی تاریخ ________

ایمانِ مفصّل یہ ہے

اٰمَنْتُ بِاللّٰهِ وَمَلٰٓئِكَتِهٖ وَكُتُبِهٖ وَ رُسُلِهٖ وَ الْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَ الْقَدْرِ خَيْرِهٖ وَ شَرِّهٖ مِنَ اللّٰهِ تَعَالٰى وَالْبَعْثِ بَعْدَ الْمَوْتِ ؕ

ایمان لایا میں اللہ تعالیٰ پر اور اس کے فرشتوں پر اور اس کی کتابوں پر اور اس کے رسولوں پر اور قیامت کے دن پر اور اس پر کہ اچھی اور بری تقدیر اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہے اور موت کے بعد اٹھائے جانے پر بھی میں ایمان لایا

شروع کرنے کی تاریخ ________ یاد ہو جانے کی تاریخ ________

اسلامی معلومات

حضور ﷺ اللہ کے آخری پیغمبر ہیں، آپ ﷺ کے بعد نہ تو کوئی نبی آیا اور نہ ہی قیامت تک کوئی آئے گا۔

عنقریب حضرت عیسیٰ علیہ السلام جو پہلے اللہ کے نبی تھے، آسمان سے نازل ہوں گے اور حضور ﷺ کے امتی کی حیثیت زندگی گزاریں گے اور دجال کو قتل بھی کریں گے۔ مرزا غلام احمد قادیانی نے نبوت کا جھوٹا دعویٰ کیا تھا اور وہ اپنے دعوے کے کچھ عرصہ بعد باتھ روم میں گر کر مرا تھا۔

اسلامی معلومات

فرشتے اللہ تعالیٰ کی نورانی مخلوق ہیں۔انہیں نہ تو بھوک لگتی ہے اور نہ ہی پیاس۔فرشتوں کو اللہ تعالیٰ نے بے پناہ طاقت عطا فرمائی ہے۔فرشتوں سے گناہ سرزد نہیں ہوتے۔فرشتوں کے ذمہ مختلف قسم کے کام ہیں۔کوئی بارش برسانے پر مامور ہے اور کوئی روزی پہنچانے پر۔

چار فرشتے بڑے ہیں۔

۱۔جبریل ۲۔میکائیل ۳۔عزرائیل ۴۔اسرافیل

جبریل علیہ السلام اللہ کے پیغمبروں کے پاس اللہ کی طرف سے وحی (پیغام) لایا کرتے تھے۔

میکائیل علیہ السلام کے ذمہ بارش برسانا اور لوگوں کو روزی پہنچانا۔

عزرائیل علیہ السلام کو ملک الموت بھی کہتے ہیں۔ان کے ذمہ لوگوں کی روح نکالنا یعنی موت طاری کرنا ہے۔

اسرافیل علیہ السلام کے ہاتھ میں صور ہے جب اللہ تعالیٰ قیامت قائم کرنا چاہیں گے تو ان کو حکم ہوگا کہ صور پھونکیں، جب حضرت اسرافیل علیہ السلام صور پھونکیں گے تو زمین آسمان چاند ستارے اور سورج ہر چیز ٹوٹ جائے گی، سارے انسان مرجائیں گے اور قیامت قائم ہو جائے گی۔

بعض فرشتے اللہ کے سامنے سجدے میں پڑے ہوئے ہیں اور بعض رکوع میں ہیں۔بعض تشہد کی حالت میں بیٹھے ہیں اور بعض قیام کی حالت میں کھڑے ہیں اور قیامت تک اسی طرح ہوں گے۔

بعض فرشتے ہر وقت اللہ کی تسبیح اور تحمید میں مصروف ہیں۔

بعض فرشتوں کی تسبیح یہ ہے:

سبحان من زین الرجال باللحی والنساء بالقرون والذوائب

پاک ذات ہے وہ جس نے مردوں کو داڑھی سے اور عورتوں کو چوٹیوں اور مینڈیوں سے زینت بخشی۔

چالیس مسنون دُعائیں

مسجد میں داخل ہوتے وقت

1 اَللّٰھُمَّ افْتَحْ لِیْ اَبْوَابَ رَحْمَتِكَ

اے اللہ! میرے لئے اپنی رحمت کے دروازے کھول دے

شروع کرنے کی تاریخ ______　　یاد ہو جانے کی تاریخ ______

مسجد سے نکلتے وقت

2 اَللّٰھُمَّ اِنِّیْٓ اَسْئَلُكَ مِنْ فَضْلِكَ

اے اللہ! میں تجھ سے تیرے فضل کا سوال کرتا ہوں

شروع کرنے کی تاریخ ______　　یاد ہو جانے کی تاریخ ______

اسلامی معلومات

مسجد میں داخل ہوتے وقت دائیاں پاؤں پہلے مسجد میں رکھیں، اور اعتکاف کی نیت کرلیں۔

مسجد سے نکلتے وقت بائیاں پاؤں پہلے مسجد سے نکالیں، اور جوتے میں دائیاں پاؤں پہلے داخل کریں۔

گھر سے نکلتے وقت

(3) بِسْمِ اللّٰہِ تَوَکَّلْتُ عَلَی اللّٰہِ لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ۔

میں اللہ ہی کا نام لے کر نکلا میں نے اللہ پر بھروسہ کیا۔ گناہوں سے پھرنے اور عبادت کرنے کی طاقت اللہ ہی کی طرف سے ہے۔

شروع کرنے کی تاریخ ______ یاد ہوجانے کی تاریخ ______

گھر میں داخل ہوتے وقت

(4) اَللّٰھُمَّ اِنِّیْٓ اَسْئَلُکَ خَیْرَالْمَوْلَجِ وَخَیْرَالْمَخْرَجِ بِسْمِ اللّٰہِ وَلَجْنَا وَبِسْمِ اللّٰہِ خَرَجْنَا وَعَلَی اللّٰہِ رَبِّنَا تَوَکَّلْنَا

اے اللہ! میں تجھ سے اچھا داخل ہونا اور اچھا نکلنا مانگتا ہوں۔ ہم اللہ کا نام لے کر داخل ہوئے اور ہم نے اللہ پر بھروسہ کیا۔

اس کے بعد گھر والوں کو سلام کرے

شروع کرنے کی تاریخ ______ یاد ہوجانے کی تاریخ ______

اسلامی معلومات

گھر میں داخل ہوتے وقت اور نکلتے وقت بلند آواز سے ''السلام علیکم'' کہیں۔
گھر میں داخل ہوتے وقت ایک مرتبہ درود شریف اور تین مرتبہ سورۃ اخلاص پڑھنے سے رزق میں برکت ہوتی ہے۔
گھر کے دروازے ''بسم اللہ'' پڑھ کر بند کریں اللہ تعالیٰ ہر شر سے حفاظت فرمائیں گے۔

جب بازار میں داخل ہوں

(5) بِسْمِ اللّٰہِ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْٓ اَسْئَلُکَ خَیْرَ ھٰذِہِ السُّوْقِ وَخَیْرَمَا فِیْھَا وَاَعُوْذُبِکَ مِنْ شَرِّھَا وَشَرِّمَا فِیْھَا اَللّٰھُمَّ اِنِّیْٓ اَعُوْذُبِکَ اَنْ اُصِیْبَ فِیْھَا یَمِیْنًا فَاجِرَۃً اَوْصَفْقَۃً خَاسِرَۃً۔

میں اللہ کا نام لے کر داخل ہوا۔ اے اللہ میں تجھ سے اس بازار کی اور جو کچھ اس بازار میں ہے اس کی خیر طلب کرتا ہوں اور تیری پناہ چاہتا ہوں اس بازار کے شر سے اور جو کچھ اس بازار میں ہے اس کے شر سے۔ اے اللہ! میں تیری پناہ چاہتا ہوں اس بات سے کہ یہاں جھوٹی قسم کھاؤں یا معاملہ میں خسارہ اٹھاؤں۔

اور پھر چوتھا کلمہ بھی پڑھیں، دس لاکھ نیکیاں، دس لاکھ گناہ معاف، اور دس لاکھ درجے بلند ہوں گے۔

شروع کرنے کی تاریخ ______ یاد ہوجانے کی تاریخ ______

سوتے وقت پڑھنے کی دُعا

(6) اَللّٰھُمَّ بِاسْمِکَ اَمُوْتُ وَاَحْیٰ

اے اللہ! میں تیرا ہی نام لے کر مرتا ہوں اور جیتا ہوں۔

سوتے وقت آیۃ الکرسی اور یہ بھی پڑھیں: سُبْحَانَ اللّٰہِ ۳۳ بار اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ ۳۳ بار اَللّٰہُ اَکْبَرُ ۳۴ بار

شروع کرنے کی تاریخ ______ یاد ہوجانے کی تاریخ ______

اسلامی معلومات

سونے سے پہلے بستر کو بسم اللہ پڑھ کر جھاڑیں۔
آیت الکرسی پڑھ کر قبلہ کی طرف داہنی کروٹ سوئیں۔
سوتے سوتے بُرا خواب آئے اور ڈر جائیں تو یہ دعا پڑھیں

بُرا خواب دیکھیں تو یہ پڑھیں

7 أَعُوْذُ بِاللهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ وَ مِنْ شَرِّ هٰذِهِ الرُّؤْيَا

میں اللہ کی پناہ چاہتا ہوں شیطان مردود سے اور اس خواب کی بُرائی سے

شروع کرنے کی تاریخ ______ یاد ہوجانے کی تاریخ ______

جب سو کر اُٹھیں تو یہ دُعا پڑھے

8 اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِىْ اَحْيَانَا بَعْدَ مَآ اَمَاتَنَا وَ اِلَيْهِ النُّشُوْرُ

سب تعریفیں اللہ ہی کے لئے ہیں جس نے ہمیں موت دے کر زندگی بخشی اور ہم کو اسی کی طرف اٹھ کر جانا ہے

شروع کرنے کی تاریخ ______ یاد ہوجانے کی تاریخ ______

اسلامی معلومات

جب سو کر اٹھیں تو کلمہ پڑھ کر منہ پر ہاتھ پھیریں۔
پھر مسنون دعا پڑھیں۔ کسی برتن وغیرہ میں ہاتھ ڈالنے سے قبل تین مرتبہ ہاتھ دھولیں۔
رات کو جلدی سوئیں اور صبح جلدی اٹھیں۔
فجر کی نماز کے بعد سورج نکلنے تک ہرگز نہ سوئیں۔ اس سے رزق میں بے برکتی ہوتی ہے۔

باتھ روم میں داخل ہونے سے پہلے

9 اَللّٰهُمَّ اِنِّىْ اَعُوْذُ بِكَ مِنَ الْخُبُثِ وَالْخَبَآئِثِ ط

اے اللہ! میں تیری پناہ چاہتا ہوں خبیث جنوں سے مرد ہوں یا عورت

شروع کرنے کی تاریخ ______ یاد ہوجانے کی تاریخ ______

باتھ روم سے باہر نکل کر یہ پڑھیں

10 غُفْرَانَكَ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِىْ اَذْهَبَ عَنِّى الْاَذٰى وَعَافَانِىْ

سب تعریفیں اللہ ہی کیلئے ہیں جس نے مجھ سے ایذا دینے والی چیز دور کی اور مجھے چین دیا

شروع کرنے کی تاریخ ______ یاد ہوجانے کی تاریخ ______

اسلامی معلومات

باتھ روم میں داخل ہوتے وقت سر ڈھانپ لیں، پیشاب کرتے وقت قبلہ کی طرف نہ منہ کریں اور نہ ہی پیٹھ۔ پیشاب بیٹھ کر کریں۔ اس دوران باتیں نہ کریں۔ مسنون دعا پڑھنے سے جنات وشیاطین سے حفاظت ہوجاتی ہے۔

جب اذان کی آواز سُنیں

تو جو مؤذن کہتا جائے وہی کہے اور حَيَّ عَلَى الصَّلٰوةِ ط حَيَّ عَلَى الْفَلَاحِ کے جواب میں لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ ط کہیں

اذان ختم ہونے کے بعد دُرُود پڑھ کر یہ پڑھیں

(11) اَللّٰھُمَّ رَبَّ ھٰذِہِ الدَّعْوَۃِ التَّآمَّۃِ وَ الصَّلٰوۃِ الْقَآئِمَۃِ اٰتِ مُحَمَّدَ اِلْوَسِیْلَۃَ وَالْفَضِیْلَۃَ وَابْعَثْہُ مَقَامًا مَّحْمُوْدَ نِ الَّذِیْ وَعَدْتَّہٗ

اے اللہ! اس پوری پکار کے رب اور قائم ہونے والی نماز کے رب محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کو وسیلہ عطا فرما (جو جنت کا ایک درجہ ہے) اور ان کو فضیلت عطا فرما اور ان کو مقام محمود پر پہنچا جس کا تو نے ان سے وعدہ فرمایا ہے بیشک تو وعدہ خلافی نہیں کرتا ہے۔

شروع کرنے کی تاریخ ______　یاد ہوجانے کی تاریخ ______

حاجی کو مبارک باد

(12) قَبَّلَ اللّٰہُ حَجَّكَ، وَغَفَرَ ذَنْبَكَ، وَأَخْلَفَ نَفَقَتَكَ

اللہ آپ کا حج قبول فرمائے، اور گناہ معاف فرمائے، اور آپ کے خرچ کا نعم البدل عطاء کرے۔

شروع کرنے کی تاریخ ______　یاد ہوجانے کی تاریخ ______

جب کھانا شروع کریں تو یہ دُعا پڑھے

(13) بِسْمِ اللّٰہِ وَعَلٰی بَرَکَۃِ اللّٰہِ

میں نے اللہ کے نام اور اللہ کی برکت پر کھانا شروع کیا۔

اگر شروع میں بسم اللہ کہنا بھول گیا تو یاد آنے پر یہ پڑھے

بِسْمِ اللّٰہِ اَوَّلَہٗ وَاٰخِرَہٗ

میں نے اس کے اول و آخر میں اللہ کا نام لیا۔

یاد ہوجانے کی تاریخ ______

جب کھانا کھاچکے تو یہ پڑھے

(14) اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ اَطْعَمَنَا وَسَقَانَا وَجَعَلَنَا مِنَ الْمُسْلِمِیْنَ ○

سب تعریفیں اللہ ہی کے لئے ہیں جس نے ہمیں کھلایا اور پلایا اور مسلمان بنایا۔

شروع کرنے کی تاریخ ______　یاد ہوجانے کی تاریخ ______

جب کسی کے ہاں دعوت کھائے تو یہ پڑھے

(15) اَللّٰھُمَّ اَطْعِمْ مَنْ اَطْعَمَنِیْ وَاسْقِ مَنْ سَقَانِیْ

اے اللہ! جس نے مجھے کھلایا تو اسے کھلا اور جس نے مجھے پلایا تو اسے پلا

شروع کرنے کی تاریخ ______　یاد ہوجانے کی تاریخ ______

دودھ پی کر یہ دُعا پڑھیں

(16) اَللّٰھُمَّ بَارِكْ لَنَا فِیْہِ وَزِدْنَا مِنْہُ ط

اے اللہ! تو اس میں ہمیں برکت دے اور یہ ہم کو اور زیادہ نصیب فرما

شروع کرنے کی تاریخ ______　یاد ہوجانے کی تاریخ ______

اسلامی معلومات

- کھانا کھانے سے پہلے ہاتھ دھولیں۔
- کھانا زمین پر بیٹھ کر دسترخوان پر کھائیں۔
- اپنے سامنے سے دائیں ہاتھ کے ساتھ کھائیں۔
- اگر کوئی لقمہ ہاتھ سے گر جائے تو صاف کر کے کھالیں۔
- کھانا کھا کر انگلیوں اور پلیٹ کو چاٹ لیں۔

جب کپڑے پہنے تو یہ پڑھے

(17) اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ كَسَانِیْ هٰذَا وَ رَزَقَنِیْهِ مِنْ غَیْرِ حَوْلٍ مِّنِّیْ وَلَا قُوَّةٍ ط

